مختصر جوابی سوالات

پرچہ 1: اُردو شاعری کلاسیکی عہد میں

سوال: لفظ "اردو" کا معنی تحریر کریں۔
جواب: لفظ اردو کا معنی "لشکری" ہے۔
سوال: اردو زبان کیسے وجود میں آئی؟
جواب: اردو زبان ہندوستان پر حملہ آور ہونے والے مختلف لشکروں کے باہم میل جول سے وجود میں آئی۔
سوال: اردو کو اور کون کون سے ناموں سے یاد کیا جاتا ہے؟
جواب: مختلف ادوار میں اردو کو مختلف نام دیئے جاتے رہے ہیں۔ جیسے ہندوی، اردوئے معلیٰ، ریختہ وغیرہ۔
سوال: اردو کے ذخیرہ ادب کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟
جواب: اردو کے ذخیرہ ادب کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے: (i) نظم (ii) نثر
سوال: شاعری سے کیا مراد ہے؟
جواب: شاعری ادب کی وہ قسم ہے جس میں خیالات کو اشعار کی صورت میں ردیف و قافیہ اور وزن کی پابندی کے ساتھ بیان کیا جائے۔
سوال: موضوع کے لحاظ سے شاعری کی کون کون سی اقسام ہیں؟
جواب: موضوع کے لحاظ سے شاعری کی مندرجہ ذیل اقسام ہیں: حمد، نعت،

میں ردیف سے پہلے دہرائے جانے والے ہم آواز الفاظ قافیہ کہلاتے ہیں۔
سوال: ردیف سے کیا مراد ہے؟
جواب: مطلع کے ساتھ ساتھ باقی اشعار کے مصرعہ ثانی میں وہ الفاظ جو قافیہ کے بعد بغیر تبدیلی کے دہرائے جائیں، ردیف کہلاتے ہیں۔
سوال: حمد سے کیا مراد ہے؟
جواب: جس نظم میں خدائے بزرگ و برتر کی تعریف و توصیف بیان کی جائے، حمد کہلاتی ہے۔
سوال: نعت کسے کہتے ہیں؟
جواب: ایسی نظم جس میں حضرت محمد ﷺ کی تعریف بیان کی گئی ہو نعت کہلاتی ہے۔
سوال: غزل کا لغوی معنی کیا ہے؟
جواب: غزل کا لغوی معنی عورتوں کے متعلق گفتگو کرنا ہے۔ اصطلاحاً جس صنف میں حسن و عشق کی مختلف کیفیات اور درد و سوز نمایاں ہو، غزل کہلاتی ہے۔
سوال: اردو غزل کا باوا آدم کسے تصور کیا جاتا ہے؟
جواب: اردو غزل کا باوا آدم ولی دکنی کو تصور کیا جاتا ہے۔

واب: مومن اور آتش۔

وال: قصیدہ کے اجزا لکھیے۔

واب: قصیدہ کے مندرج ذیل چار اجزا ہوتے ہیں: (i) تشبیب (ii) گریز (iii) مدح (iv) دعا

وال: قصیدے میں تشبیب کس کا متبادل نام ہے؟

واب: قصیدے میں تشبیب تمہید کا متبادل نام ہے۔

وال: ہیئت کے لحاظ سے قصیدے کی کتنی اقسام ہیں؟

واب: ہیئت کے لحاظ سے قصیدے کی دو اقسام ہیں۔

وال: کون سے عظیم شاعر نے یہ صنف (قصیدہ) صرف درباری مدح کے لیے استعمال کی؟

واب: ابراہیم ذوق نے۔

وال: قصیدے کا لفظی مطلب اور مفہوم بیان کریں۔

واب: قصیدہ عربی لفظ قصد سے نکلا ہے جس کا لغوی معنی قصد کرنا یعنی ارادہ کرنا ہے۔ اس کا دوسرا لفظی معنی ''مغز'' ہے۔ بحر ایک ہی ہوتی ہے۔

وال: مرثیے کا لغوی مفہوم بیان کیجئے۔

واب: مرثیہ عربی لفظ ''رثا'' سے بنا ہے جس کے معنی مرنے والے کی تعریف وتوصیف ہے۔

وال: مرثیہ گوئی کا آغاز کہاں سے ہوا؟

واب: مرثیہ گوئی کا آغاز دکن سے ہوا۔

وال: مرثیہ کے اجزائے ترکیبی کے نام لکھیے۔

واب: (i) چہرہ (ii) سراپا
(iii) رخصت (iv) آمد
(v) رجز (vi) جنگ
(vii) شہادت (viii) بین (ix) دعا

ال: مرثیے میں رجز سے کیا مراد ہے؟

اب: عربوں کے آداب جنگ کے مطابق ہیرو مد مقابل فوج کو اپنے حسب نسب سے آگاہ کرتے ہیں

سوال: حرف تشبیہ کا مفہوم بتائیں۔

جواب: جو کلمہ یا کلمے مشبہ اور مشبہ بہ کو ملائیں وہ حروف تشبیہ کہلاتے ہیں۔

سوال: رمزو ایمایت کیا ہے؟ وضاحت کیجئے۔

جواب: کلام میں واضح اور کھلے لفظوں میں اظہار کرنے کی بجائے چھپا کر اور غیر واضح انداز میں کرنے کو رمزو ایمایت کہتے ہیں۔

سوال: ولی کی شاعری کا سب سے اہم عنصر کون سا ہے؟

جواب: ولی کی شاعری کا سب سے اہم عنوان ان کا نشاطیہ لہجہ ہے۔

سوال: ولی دکنی اپنی زندگی میں کتنی دفعہ دلی آئے؟

جواب: دو دفعہ

سوال: خواجہ میر درد کا سن پیدائش کون سا ہے؟

جواب: 1719ء۔

سوال: میر درد کا سن وفات بھی بتائیں۔

جواب: 1785ء۔

سوال: اردو زبان کے واحد صوفی شاعر کون ہیں؟

جواب: اردو زبان کے واحد صوفی شاعر خواجہ میر درد ہیں۔

سوال: خصوصیات کی مدد سے شخصیت پہچانئے۔
تصوف، عشق حقیقی و مجازی، وحدۃ الوجود، احساس زیاں، سوز و گداز، عشق تعلی

جواب: خواجہ میر درد۔

سوال: خواجہ میر درد کا دیوان کس نام سے مشہور ہوا؟

جواب: خواجہ میر درد کا دیوان ''نالہ عندلیب'' کے نام سے مشہور ہوا۔

سوال: خواجہ میر درد کی کوئی سے تین تصانیف کے نام لکھیں۔

جواب: (i) اسرار الصلوٰۃ (ii) نالہ درد (iii) واردات (iv) آہ سرد

سوال: میر تقی میر نے کس سن میں وفات پائی؟

جواب: 1810ء۔

سوال: میر تقی میر کے معاصر چار شعرا کے نام لکھیں۔

جواب: آتش، مصحفی، ناسخ، جرأت۔

سوال: میر تقی میر کی شاعری کی خصوصیات لکھیں۔

جواب: (i) صداقت اور خلوص (ii) سادگی (iii) عام لہجہ (iv) پرلطف پیرائیہ ادا (v) موسیقی و غنایت (vi) تکرار الفاظ (vii) خطابیہ لہجہ

سوال: سرتاج شعرائے اردو کسے کہتے ہیں؟

جواب: میر تقی میر کو۔

سوال: میر کی غزلوں کے کتنے دیوان ہیں؟

جواب: میر کی غزلوں کے چھ دیوان ہیں۔

سوال: اردو کا شیخ سعدی کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

جواب: میر تقی میر کو۔

سوال: غالب کا سن پیدائش کیا ہے؟

جواب: 1797ء۔

سوال: غالب کس سن میں فوت ہوئے؟

جواب: 1869ء میں۔

سوال: غالب کی جائے پیدائش کون سا شہر ہے؟

جواب: آگرہ۔

سوال: ان دو شخصیات کے نام لکھیں جنہوں نے غالب کی شاعری پر کام کیا؟

جواب: (i) ڈاکٹر عبادت بریلوی (ii) ڈاکٹر سید عبداللہ

سوال: غالب اور اقبال میں اشتراکیت کی شناخت کس نے کی؟

جواب: ڈاکٹر فرمان فتح پوری نے۔

سوال: غالب نے فارسی میں تاریخ کی کون سی کتاب لکھی؟

جواب: ''مہر نیم روز'' امیر تیمور سے ہمایوں تک کی تاریخ۔

سوال: مرزا غالب کے قصائد، قطعات اور خطوط پر مشتمل کتاب کا نام لکھیں۔

جواب: سبد چین۔

سوال: مرزا غالب نے کل کتنے قصائد لکھے؟

جواب: 64۔

سوال: مرزا غالب، غالب سے پہلے کیا تخلص کرتے تھے؟

جواب: اسد۔

سوال: بھارت کا سب سے بڑا ادبی ایوارڈ کون سا ہے؟

جواب: غالب ایوارڈ۔

سوال: غالب نے اپنی زندگی میں آخری خط کس کو لکھا؟

جواب: نواب علاؤالدین احمد علائی کو۔

سوال: غالب نے کل کتنی غزلیں کہیں؟

جواب: 328۔

سوال: ''روئے غالب'' کس کی تصنیف ہے؟

جواب: صوفی غلام مصطفیٰ تبسم کی۔

سوال: غالب کی تمام غزلیں کس دیوان میں اکٹھی ہیں؟

جواب: نگارستانِ سخن میں۔

سوال: بہادر شاہ ظفر نے غالب کو کون سے خطابات سے نوازا؟

جواب: نجم الدولہ دبیر الملک اور نظام جنگ۔

سوال: عودِ ہندی میں غالب کے خطوط کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: عودِ ہندی میں غالب کے خطوط کی تعداد 163 ہے۔

سوال: خطوطِ غالب میں کتنے اشخاص کے نام شامل ہیں؟

جواب: خطوطِ غالب میں تقریباً 78 اشخاص کے نام شامل ہیں۔

سوال: عودِ ہندی اور اردوئے معلیٰ غالب کے کس چیز کے مجموعے ہیں؟

جواب: مکاتیب کے۔

سوال: مرزا غالب کے کلام کی چند خصوصیات لکھیں۔

جواب: ظرافت، لطافت اور شگفتہ مزاجی۔

سوال: غالب کی چند فارسی تصانیف کے نام لکھیں۔

جواب: (i) درفشِ کاویانی (ii) دعائے صباح غالب
(iii) سبد باغ دودر

سوال: غالب کی اہم اردو تصانیف کے نام بتائیں۔

جواب: ''اردوئے معلیٰ' عودِ ہندی' دیوانِ غالب' مکاتیبِ غالب' نکاتِ غالب و رقعاتِ غالب اور غالب قادر نامہ۔

سوال: مرزا غالب کی کون سی تصنیف کے صلے میں بہادر شاہ ظفر نے ان کے لیے 100 روپے ماہوار وظیفہ مقرر کیا؟

جواب: تاریخ خاندان تیموری۔

سوال: غالب کی شادی کتنے سال کی عمر میں نواب الٰہی بخش خان معروف کی صاحبزادی سے ہوئی؟

جواب: 13 سال کی عمر میں۔

سوال: غالب کی زندگی اور شخصیت کے تنقیدی جائزے پر مشتمل تصنیف "یادگارِ غالب" ان کے کس شاگرد نے تحریر کی؟

جواب: مولانا الطاف حسین حالی نے۔

سوال: آتش کا سن پیدائش کون سا ہے؟

جواب: 1764ء۔

سوال: آتش کا سن وفات بتائیں۔

جواب: 1846ء۔

سوال: آتش کی شاعری کی چار خصوصیات لکھیں۔

جواب: (i) منظر نگاری (ii) واقعہ نگاری
(iii) جذبات نگاری (iv) قلندرانہ مزاج

سوال: آتش کے بزرگوں کا آبائی وطن کون سا تھا؟

جواب: آتش کے بزرگوں کا آبائی وطن بغداد تھا۔

سوال: لکھنؤ کا نمائندہ شاعر کون ہے؟

جواب: آتش۔

سوال: آتش نے کس کس صنف میں طبع آزمائی کی؟

جواب: آتش نے صرف غزل میں طبع آزمائی کی۔

سوال: آتش کی شاعری کی بنیادی خصوصیت کون سی ہے؟

جواب: آتش کی شاعری کی بنیادی خصوصیت سرور و نشاط کا بیان ہے۔

سوال: آتش و ناسخ میں سے کس کا کلام رعایت لفظی کی مثال پیش کرتا ہے؟

جواب: آتش کا کلام۔

سوال: مومن کا سن پیدائش بتائیں۔

جواب: 1800ء

سوال: مومن کا سن وفات کون سا ہے؟

جواب: 1851ء

سوال: مومن کی شاعری کی کوئی سی چار خصوصیات بیان کریں۔

جواب: (i) حسن لطافت (ii) بلند خیالی (iii) نزاکت آفرینی
(iv) معاملہ بندی

سوال: مومن نے اردو غزل کو کس سے روشناس کرایا؟

جواب: مومن نے اردو غزل کو پردہ نشین کے استعارہ سے روشناس کرایا۔

سوال: مومن خان مومن کی شاعری کی چند خصوصیات لکھیں۔

جواب: (i) معاملہ بندی (ii) بلند خیالی
(iii) رعایت لفظی (iv) نزاکت آفرینی
(v) حسن لطافت

سوال: مومن خان مومن کی اہم تصانیف کے نام لکھیں۔

جواب: (i) انشائے مومن (فارسی)
(ii) دیوان مومن (فارسی)
(iii) کلیات مومن (اردو)

سوال: دبستان لکھنؤ کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

جواب: دبستان لکھنؤ کا بانی امام بخش ناسخ کو کہا جاتا ہے۔

سوال: نظیر اکبرآبادی کا سن پیدائش لکھیں۔

جواب: 1735ء۔

سوال: نظیر اکبرآبادی کا سن وفات کون سا ہے؟

جواب: 1830ء۔

سوال: نظیر کے تہواروں کے حوالے سے کوئی سے تین نظموں کے نام لکھیں۔

جواب: ہولی، دیوالی، شب برأت، بسنت۔

سوال: نظیر اکبرآبادی کی پانچ نظموں کے نام لکھیے۔

جواب: (i) مفلسی (ii) بنجارہ نامہ
(iii) آدمی نامہ (iv) پیٹ
(v) آٹے دال کا بھاؤ (vi) روٹیاں

سوال: نظیر اکبرآبادی کی نظم آدمی نامہ میں درج آدمیوں کی پانچ اقسام لکھیں۔

جواب: (i) بادشاہ (ii) ہادی
(iii) رہنما (iv) مفلس و گدا
(v) مسخرا

سوال: ابراہیم ذوق کس سن میں پیدا ہوئے؟

جواب: 1789ء میں۔

سوال: ابراہیم ذوق کا سن وفات بتائیے۔

جواب: 1854ء۔

سوال: ''نگارستان سخن'' کن شعرا کے دیوان کا مجموعہ ہے؟

جواب: ذوق، مومن اور غالب۔

سوال: غالب اور مومن کے دور کے دو شعرا کے نام لکھیں۔

جواب: بہادر شاہ ظفر اور ذوق۔

سوال: دبستان دہلی شاعری کی اصطلاح میں کن شعرا کے عہد کو کہتے ہیں؟

جواب: ذوق اور غالب کے عہد کو۔

سوال: ذوق کس شہر میں پیدا ہوئے؟

جواب: دہلی میں۔

سوال: مرزا محمد رفیع سودا کب پیدا ہوئے؟

جواب: 1716ء میں۔

سوال: رفیع سودا کا سن وفات بتائیے۔

جواب: 1781ء میں۔

سوال: جرأت کی مثنویوں کی تعداد بتائیے۔

جواب: جرأت نے 5 مثنویاں لکھیں۔

سوال: میر حسن کب پیدا ہوئے؟

جواب: 1736ء

سوال: میر حسن کا سن وفات کیا ہے؟

جواب: 1786ء

سوال: میر حسن کی مشہور مثنوی کا نام لکھیں۔

جواب: سحرالبیان

سوال: میر حسن دلی میں پیدا ہوئے تھے۔ ان کا انتقال کہاں ہوا؟

جواب: لکھنؤ میں

سوال: میر حسن کی مثنویوں کی تعداد بتائیے۔

جواب: میر حسن کی مثنویوں کی تعداد 11 ہے۔

سوال: دکن میں مثنوی کے نمائندہ شاعر کون کون تھے؟

جواب: (i) ابن نشاطی (ii) غواصی
(iii) نصرتی (iv) قلی قطب شاہ

سوال: دیا شنکر نسیم کس دبستان کے نمائندہ شاعر تھے؟

جواب: دبستان لکھنؤ کے۔

سوال: لکھنوی دبستان ادب کی پہلی مثنوی کا نام لکھیں۔

جواب: گلزار نسیم۔

سوال: پنڈت دیا شنکر نسیم کے ادبی استاد کون تھے؟

جواب: خواجہ آتش۔

سوال: پنڈت دیا شنکر نسیم کی جائے پیدائش کون سا شہر ہے؟

جواب: لکھنؤ۔

سوال: پنڈت دیا شنکر نسیم کا عہد بتائیے۔

جواب: 1811ء تا 1842ء۔

سوال: ''پھولبن'' دکنی شعرا میں سے کس شاعر کی مثنوی ہے؟

جواب: ابن نشاطی۔

سوال: ابن نشاطی کی مثنوی ''پھولبن'' کتنے اشعار پر مشتمل ہے؟

جواب: 1744 اشعار پر۔

سوال: مثنوی ''سیف الملوک و بدیع الجمال'' کے مصنف کا نام بتائیں۔

جواب: غواصی۔

سوال: ''بہرام و گل اندام'' ایک یادگار مثنوی ہے۔ شاعر کا نام بتائیے۔

جواب: طبعی۔

سوال: مثنوی "قصص الانبیا" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: قدرتی کی۔

سوال: دکنی عہد کی مثنوی "جنگ نامہ محمد حنیف" کے مصنف کا نام بتائیں۔

جواب: سیوک۔

سوال: مثنوی "خوب ترنگ" کس نے لکھی؟

جواب: محمد حسینی نے۔

سوال: "خوش نامہ" مثنوی کے مصنف کون ہیں؟

جواب: شاہ میراں جی۔

سوال: قطب مشتری کس کی تحریر ہے؟

جواب: ملا وجہی کی۔

سوال: "گلزار ارم" کے مصنف کا نام بتائیں۔

جواب: میر حسن دہلوی۔

سوال: "پرماوت" کس کی تحریر ہے؟

جواب: ملک محمد جائسی کی۔

سوال: مثنوی "ہشت بہشت" کے مصنف کون ہیں؟

جواب: ملک خوشنود۔

سوال: مثنوی "زہر عشق" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: نواب مرزا شوق۔

سوال: مثنوی "ساقی نامہ" کس کی تخلیق ہے؟

جواب: علامہ اقبال۔

سوال: مثنوی "شاہنامہ سلام" کس کا شاہکار ہے؟

جواب: حفیظ جالندھری۔

سوال: میر تقی میر کی مثنویوں کی تعداد بتایئے۔

جواب: 37۔

سوال: جرأت کی مثنویوں کی تعداد کیا ہے؟

جواب: 5۔

سوال: مصحفی نے کتنی مثنویاں تحریر کیں؟

جواب: 25۔

سوال: انشاءاللہ خان نے کتنی مثنویاں لکھیں؟

جواب: 8۔

سوال: راسخ عظیم آبادی کی مثنویوں کی تعداد بتائیں۔

جواب: 8۔

سوال: میر انیس کا سن پیدائش بتائیں۔

جواب: 1802ء

سوال: میر انیس کا سن وفات ہے۔

جواب: 1852ء۔

سوال: میر انیس کی مرثیہ گوئی کی دو خصوصیات لکھیں۔

جواب: (i) واقعہ نگاری (ii) جذبات نگاری

سوال: کس شاعر کو اردو مرثیہ میں کلاسیک کا درجہ دیا جاتا ہے؟

جواب: میر انیس کو۔

سوال: میر انیس پہلے کیا تخلص کرتے تھے؟

جواب: حزیں۔

سوال: اردو کا "ہومر" کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

جواب: میر انیس کو۔

سوال: مشہور مرثیہ گو میر انیس نے کل کتنے مرثیے کہے؟

جواب: 176۔

سوال: ابن انشاطی اور نصرتی کو اردو شاعر میں کیا کہا جاتا ہے؟

جواب: نقیب اور امام۔

سوال: گیارہویں صدی میں فارسی کے پہلے بڑے صوفی شاعر کون ہیں؟

جواب: شیخ ابو سعید ابوالخیر۔

سوال: طوطی ہند کس شاعر کا لقب ہے؟

جواب: امیر خسرو کا۔

سوال: ظہور الدین حاتم کا سن ولادت بتائیں۔

جواب: 1699ء۔

سوال: ظہور الدین حاتم کا سال وفات کون سا ہے؟

جواب: 1792ء۔

سوال: غالب کو کلکتہ جاتے ہوئے کہاں قیام کا موقع ملا؟

جواب: بنارس۔

سوال: کس نقاد کے مطابق غالب ابتدا میں بیدل کی تقلید کرتے رہے؟

جواب: مولانا شبلی نعمانی۔

سوال: فارسی میں قصیدے کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: چامہ۔

سوال: ما ئیلیں کس ملک کے شاعر تھے؟

جواب: ایران۔

سوال: میر خلیق کا سن وفات بتائیں۔

جواب: 1182ھ۔

سوال: میر مستحسن خلیق نے کب وفات پائی؟

جواب: 1260ء۔

سوال: مرزا شوق کی مثنویوں کے نام بتائیے۔

جواب: زہر عشق، بہار عشق، فریب عشق۔

سوال: ''زہر عشق'' کب شائع ہوئی؟

جواب: 1862ء میں۔

☆☆☆☆

پرچہ 2: افسانوی ادب

سوال: نثری ادب کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب: نثری ادب کی دو اقسام ہیں:

(i) افسانوی ادب　(ii) غیر افسانوی ادب

سوال: افسانوی ادب کو کتنی اقسام میں تقسیم کیا جاتا ہے؟

جواب: افسانوی ادب کو مندرجہ ذیل چار اقسام میں تقسیم کیا جاتا ہے:

(i) داستان　(ii) ناول

(iii) افسانہ　(iv) ڈرامہ

سوال: داستان سے کیا مراد ہے؟

جواب: داستان کے لغوی معنی حکایت، قصہ یا کہانی کے ہیں۔ اصطلاحی مفہوم میں داستان سے مراد ایسی کہانی ہے جس کی بنیاد تخیل اور رومان پر ہو اور اس میں مافوق الفطرت عناصر کا ذکر ہو۔

سوال: اردو کی سب سے پہلی داستان کا نام بتائیں۔

جواب: ''سب رس''

سوال: ''سب رس'' کس عظیم مصنف کا شاہکار ہے؟

جواب: ملا وجہی کا۔

سوال: اردو ادب کی چند مشہور داستانوں کے نام لکھیں۔

جواب: (i) باغ و بہار (ii) فسانہ عجائب

(iii) داستان امیر حمزہ

(iv) سب رس

(v) حاتم طائی

(vi) گل صنوبر

سوال: داستان کے اجزا تحریر کریں۔

جواب: (i) پلاٹ　(ii) مثالی کردار

(iii) تخیل　(iv) مافوق الفطرت عناصر

(v) خطابت　(vi) تحیر انگیزی

سوال: ناول کی تعریف کریں۔

جواب: ناول ایسے قصے کو کہتے ہیں جس میں کسی خاص نکتہ کے تحت زندگی کی حقیقی اور واقعاتی عکاسی کی گئی ہو۔

سوال: اردو ادب میں ناول نگاری کا آغاز کب ہوا؟

جواب: اردو ادب میں ناول نگاری کا آغاز 1849ء میں ہوا۔

سوال: اردو کے پہلے ناول نگار کون ہیں؟

جواب: اردو کے پہلے ناول نگار ڈپٹی نذیر احمد ہیں۔

سوال: اردو کے پہلے ناول کا نام بتائیں۔

جواب: ''مراۃ العروس'' جسے نذیر احمد نے تخلیق کیا۔

سوال: اردو ادب میں افسانے کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب: اردو ادب میں افسانے کی مندرجہ ذیل چار اقسام ہیں:

(i) معاشرتی افسانہ　(ii) نفسیاتی افسانہ

(iii) واقعاتی افسانہ　(iv) کرداری افسانہ

سوال: ایک اچھے افسانے کی بنیادی خصوصیات تحریر کریں۔

جواب: (i) وحدت تاثر　(ii) مقصدیت

(iii) ترتیب و تنظیم　(iv) منظر نگاری

(v) اختصار

سوال: ڈراما کی تعریف کریں۔

جواب: زندگی کے غیر معمولی اور متوقع حالات کو اداکاروں کے ذریعے سٹیج پر پیش کرنے کا نام ڈرامہ ہے۔

سوال: اردو ڈرامے کی روایت کا آغاز کہاں سے ہوتا ہے؟

جواب: اردو ڈرامے کی روایت کا آغاز واجد علی شاہ کے دور سے ہوتا ہے جب واجد علی شاہ کی تخلیق ''رادھا کنہیا'' کو قیصر باغ کے شاہی سٹیج پر پیش کیا گیا۔

سوال: ڈراما کو کتنی اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے؟

جواب: بنیادی طور پر ڈرامہ کی دو اقسام ہیں:

(i) طربیہ ڈرامہ (ii) المیہ ڈرامہ

تاہم یک بابی نثری ڈریم اور مخلوط ڈرامہ بھی ڈرامے کی اقسام گنی جاتی ہیں۔

سوال: غیر افسانوی ادب کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب: غیر افسانوی ادب میں مندرجہ ذیل اصناف شامل ہیں:

(i) مضمون نویسی (ii) مکتوب نویسی

(iii) انشائیہ (iv) مقالہ

(v) آپ بیتی (vi) سوانح نگاری

(vii) خاکہ نویسی (viii) تبصرہ نگاری

(ix) ترجمہ (x) طنز و مزاح

سوال: ''مضمون نگاری'' نثر کی کیسی صنف ہے؟

جواب: مقررہ موضوع پر دلائل کے ساتھ خیالات و جذبات کا تحریری اظہار مضمون نگاری کہلاتا ہے۔

سوال: مضمون نویسی کا باقاعدہ آغاز کس نے کیا؟

جواب: سرسید احمد خان نے۔

سوال: مکتوب نگاری کی تعریف کریں۔

جواب: مکتوب نگاری دور دراز رہنے والے لوگوں کے درمیان رابطے

سوال: اردو کی کون سی داستان کو مختلف اوقات میں مختلف مصنفین نے قلمبند کیا؟

جواب: داستان امیر حمزہ کو۔

سوال: "الف لیلیٰ" کس داستان گو کی تصنیف ہے؟

جواب: عبدالحکیم کی۔

سوال: "تحفۃ المجالس" فارسی کے کس مشہور قصے کا اردو ترجمہ ہے؟

جواب: گل بکاؤلی کا۔

سوال: "داستان امیر حمزہ" کس نے لکھی ہے؟

جواب: اے حمید کے۔

سوال: "فسانۂ عبرت" کے مصنف کون ہیں؟

جواب: رجب علی بیگ سرور۔

سوال: اردو کی کون سی کتاب کو اردو نثر کی پہلی کتاب تسلیم کیا جاتا ہے؟

جواب: کربل کتھا کو۔

سوال: "کربل کتھا" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: فضلی کی۔

سوال: انشا نے "رانی کیتکی کی کہانی" کب لکھی؟

جواب: 1803ء۔

سوال: مجبور نے "الفت گلشن" کب تخلیق کیا؟

جواب: 1807ء۔

سوال: نیم چند کھتری نے "گل صنوبر" کب تحریر کیا؟

جواب: 1837ء۔

سوال: فخرالدین سخن نے "سروش سخن" کب لکھی؟

جواب: 1860ء۔

سوال: ناول کس زبان کا لفظ ہے؟

جواب: ناول اطالوی زبان کا لفظ ہے۔

سوال: اردو ادب میں ناول نگاری کا آغاز کب ہوا؟

جواب: 1849ء میں۔

سوال: اردو کے پہلے ناول نگار کا نام بتایئے۔

جواب: ڈپٹی نذیر احمد۔

سوال: اردو ادب کا پہلا ناول کون سا ہے؟

جواب: مراۃ العروس (نذیر احمد)۔

سوال: ڈپٹی نذیر احمد نے کل کتنے ناول لکھے؟

جواب: سات۔

سوال: نذیر احمد نے "مراۃ العروس اور بنات النعش" کس کے لیے لکھے؟

جواب: نذیر احمد نے یہ دونوں ناول اپنی بیٹی کے لیے لکھے۔

سوال: "ابن الوقت" کس ادیب کا ناول ہے؟

جواب: ڈپٹی نذیر احمد کا۔

سوال: ڈپٹی نذیر احمد نے کن کتابوں کے تراجم کیے؟

جواب: ڈپٹی نذیر احمد نے "تعزیرات ہند قانون انکم ٹیکس اور علم نجوم کی کتابوں کے تراجم کیے۔

سوال: ڈپٹی نذیر احمد کی چند تصنیفات کے نام لکھیں۔

جواب: (i) مراۃ العروس (ii) توبۃ النصوح

(iii) فسانہ مبتلا (iv) ابن الوقت

(v) رویائے صادقہ (vi) الاجتہاد (vii) حقوق الفرائض (viii) بنات النعش

(ix) تعزیرات ہند (x) ایامیٰ

سوال: نذیر احمد کی ناول نگاری کی دو خصوصیات بتائیں۔

جواب: (i) مقصدیت (ii) اصلاح پسندی

سوال: عبدالحلیم شرر نے اسلامی تاریخ پر پندرہ کتابیں لکھیں۔

جواب: عبدالحلیم شرر نے اسلامی تاریخ پر پندرہ کتابیں لکھیں۔

سوال: عبدالحلیم شرر کی چند تصنیفات کے نام لکھیں۔

جواب: (i) ملک العزیز ورجنا (ii) ایام عرب

(iii) دلچسپ (iv) فردوس بریں

سوال: مرزا ہادی رسوا کب پیدا ہوئے؟

جواب: 1858ء میں

سوال: رسوا کا انتقال کب ہوا؟

جواب: 1921ء میں

سوال: ناول "امراؤ جان ادا" کس کی تخلیق ہے؟

جواب: مرزا ہادی رسوا کی

سوال: مرزا ہادی رسوا کے چند ناولوں کے نام بتائیں۔

جواب: (i) شریف زادہ (ii) ذات شریف

(iii) اختری بیگم (iv) انشائے راز

(v) امراؤ جان ادا

سوال: "امراؤ جان ادا" کا موضوع کیا ہے؟

جواب: "امراؤ جان ادا" کا موضوع ایک طوائف کی زندگی کے حالات و واقعات ہیں۔

سوال: مرزا ہادی رسوا کا پہلا ناول کون سا ہے؟

جواب: شریف زادہ۔

سوال: مرزا ہادی رسوا نے کتنے ناول لکھے ہیں؟

جواب: پانچ ''اختری بیگم' انشائے راز' ذات شریف' شریف زادہ اور امراؤ جان ادا۔

سوال: ''مرزا گوہر'' کس ناول کا کردار ہے؟

جواب: امراؤ جان ادا۔

سوال: پنڈت رتن ناتھ سرشار کے چند ناولوں کے نام لکھیں۔

جواب: (i) سیر کہسار (ii) جام سرشار
(iii) پی کہاں (iv) کڑم دھڑم
(v) طوفان بے تمیزی (vi) چنچل نار
(vii) کامنی (viii) خدائی فوجدار

سوال: نسیم حجازی کی معروف تصانیف کے نام بتائیں۔

جواب: (i) داستان مجاہد (ii) خاک وخون
(iii) آخری معرکہ (iv) اور تلوار ٹوٹ گئی
(v) انسان اور دیوتا (vi) آخری چٹان
(vii) محمد بن قاسم

سوال: نسیم حجازی کس قسم کی ناول نگاری میں ید طولیٰ رکھتے ہیں؟

جواب: تاریخی ناول نگاری میں۔

سوال: اردو کا سب سے پہلا جاسوسی ناول نگار کون ہے؟

جواب: ابن صفی۔

سوال: ابن صفی کا اصل نام بتایئے۔

جواب: اسرار احمد

سوال: ابن صفی نے کب وفات پائی؟

جواب: 20 جولائی 1980ء میں

سوال: ''عمران سیریز'' کس کی تحریر ہے؟

جواب: ابن صفی۔

سوال: قرۃ العین حیدر کے دو ناولوں کے نام لکھیں۔

جواب: (i) آخر شب کے ہمسفر (ii) آگ کا دریا

سوال: قرۃ العین حیدر کے رپورتاژ کا نام لکھیں۔

جواب: ستمبر کا چاند۔

سوال: قرۃ العین کی چند مشہور تصنیفات کے نام لکھئے۔

جواب: (i) آگ کا دریا (ii) میرے بھی صنم خانے
(iii) شیشے کے گھر (iv) آخر شب کے ہمسفر
(v) فصل گل آئی یا اجل آئی (vi) پت جھڑ کی آواز

(vii) گردش رنگ چمن

سوال: بانو قدسیہ کی چند معروف تصانیف کون سی ہیں؟

جواب: (i) راجہ گدھ (ii) شہر بے مثال (iii) توجہ کی طالب
(iv) امر بیل (v) آدھی رات (vi) دوسرا دروازہ

سوال: پاکستانی ادبی تاریخ کا سب سے بڑا ناول کون سا ہے اور کس کی تخلیق ہے؟

جواب: پاکستانی ادبی تاریخ کا سب سے بڑا ناول ''علی پور کا ایلی'' ہے۔ اس کے مصنف ''ممتاز مفتی'' ہیں۔

سوال: ممتاز ناول نگار خدیجہ مستور کو کس ناول پر آدم جی انعام ملا؟

جواب: آنگن۔

سوال: معروف ناول نگار ''عزیز احمد'' کا سن پیدائش بتائیں۔

جواب: 1914ء۔

سوال: عزیز احمد کا انتقال کب ہوا؟

جواب: 1978ء۔

سوال: عزیز احمد کی ناول نگاری کا منفی پہلو کون سا ہے؟

جواب: جنسی عریانی۔

سوال: ''ایسی بلندی ایسی پستی'' کس کا ناول ہے؟

جواب: عزیز احمد۔

سوال: ''مرمر'' اور ''خون اور شبنم'' کس کے تحریر کردہ ناول ہیں؟

جواب: عزیز احمد۔

سوال: ''عصمت چغتائی'' کے پہلے ناول کا نام بتائیں۔

جواب: ضدی۔

سوال: ''ٹیڑھی لکیر'' کس کا تحریر کردہ ناول ہے؟

جواب: عصمت چغتائی۔

سوال: ''عصمت چغتائی'' کی چند تصانیف کا نام لکھیں۔

جواب: (i) سودائی (ii) کاغذی پیراہن
(iii) دو ہاتھ (iv) بدن کی خوشبو
(iv) دوزخی (v) دل کی دنیا
(vi) ٹیڑھی لکیر (vii) ضدی

سوال: شوکت صدیقی کو ان کے کون سے ناول پر آدم جی انعام؟

جواب: خدا کی بستی۔

سوال: چار دیواری کس کا ناول ہے؟

جواب: شوکت صدیقی۔

سوال: ''شام اودھ''، ''آبلہ'' اور ''دو سنگم'' کس ادیب و ناول نگار کے ناول

ہیں؟

جواب: احسن فاروقی۔

سوال: "خون جگر ہونے تک" کس کا ناول ہے؟

جواب: فضل احمد کریم فضلی۔

سوال: "اور انسان مر گیا" کس کی تخلیق ہے؟

جواب: راما آنند ساگر۔

سوال: "[illegible] کی رات" اور "بادشاہ کی محبوبہ" کس کے ناول ہیں؟

جواب: [illegible] الغفار [illegible]ین۔

سوال: "ظلم دل" کس مشہور خاتون ناول نگار کا ناول ہے؟

جواب: ذکیہ بلگرامی۔

سوال: "گندی گلی" کس کا ناول ہے؟

جواب: یونس ادیب۔

سوال: "چارہ گر" اور "تکمن" کس مشہور خاتون ناول نگار کے ناول ہیں؟

جواب: بشریٰ رحمن۔

سوال: "مرزا محمد سعید" کا سن پیدائش کیا ہے؟

جواب: 1886ء۔

سوال: معروف ادیب "مرزا محمد سعید" کا انتقال کب ہوا؟

جواب: 1926ء۔

سوال: مرزا محمد سعید کے مشہور ناولوں کے نام بتائیں۔

جواب: (i) خواب ہستی (ii) یاسمین

سوال: ناول نگاری میں ڈپٹی نذیر احمد کا جانشین کسے کہا جاتا ہے؟

جواب: راشد الخیری کو۔

سوال: "بنت الوقت" کس کا ناول ہے؟

جواب: علامہ راشد الخیری کا۔

سوال: صبح زندگی، شام زندگی اور شب زندگی کس ناول نگار کی تخلیقات ہیں؟

سوال: کایاپلٹ، زردکتا، کچھوے، خیمے سے دور، شرم الحرم اور خالی پنجرہ کس افسانہ نگار کی تخلیقات ہیں؟

جواب: انتظار حسین۔

سوال: معروف افسانہ نگار غلام عباس کب پیدا ہوئے؟

جواب: 1909ء۔

سوال: بتایئے کہ غلام عباس نے کب وفات پائی؟

جواب: 1982ء۔

سوال: غلام عباس نے اپنی ادبی زندگی کا آغاز کس سے کیا؟

جواب: ''پھول'' رسالے سے۔

سوال: غلام عباس کے چند مشہور افسانوی مجموعوں کے نام لکھیں۔

جواب: (i) جاڑے کی چاندنی (ii) زندگی نقاب چہرے (iii) آنندی

سوال: غلام عباس کس انڈین رسالے کے مدیر رہے؟

جواب: آواز۔

سوال: قیام پاکستان کے بعد غلام عباس ریڈیو پاکستان کے کس رسالہ سے منسلک رہے؟

جواب: آہنگ۔

سوال: افسانہ ''کتبہ'' کس کی تخلیق ہے؟

جواب: غلام عباس کی۔

سوال: منٹو کے افسانے کی ایک اہم خصوصیات بیان کریں۔

جواب: حقیقت نگاری۔

سوال: سعادت حسن منٹو کے ادبی سفر کو کتنے ادوار میں تقسیم کیا جاسکتا ہے؟

جواب: سعادت حسن منٹو کے ادبی سفر کو تین ادوار میں تقسیم کیا گیا ہے:

(i) 1934ء تا 1936ء

(ii) 1937ء تا 1947ء

(iii) 1948ء تا 1955ء

سوال: ''گرکھ سنگھ کی وصیت'' کس کا افسانہ ہے؟

جواب: سعادت حسن منٹو۔

سوال: ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کس کی تخلیق ہے؟

جواب: منٹو۔

سوال: منٹو کے تحریر کردہ ڈراموں اور ان کا سن اشاعت بتائیں۔

جواب: (i) ''آؤ'' 1942ء

(ii) منٹو کے ڈرامے 1943ء

(iii) جنازے 1943ء (iv) تین عورتیں 1943ء

آغا حشر کا پہلا باضابطہ ڈرامہ "مرید شک" تھا۔

سوال: آغا حشر نے کل کتنے ڈرامے لکھے اور ان کا آخری ڈرامہ کون سا تھا؟

جواب: آغا حشر نے کل 33 ڈرامے لکھے اور ان کا آخری ڈرامہ "دل کی پیاس" تھا۔

سوال: آغا حشر کے علاوہ اردو ڈرامہ نگاری میں کون اہم مقام رکھتا ہے؟

جواب: سید امتیاز علی تاج۔

سوال: مشہور ڈرامہ نگار و ادیب سید امتیاز علی تاج کب پیدا ہوئے؟

جواب: 1900ء۔

سوال: امتیاز علی تاج کا سن وفات بتائیں۔

جواب: 1940ء۔

سوال: معروف ڈرامہ "انارکلی" کس کی تخلیق ہے؟

جواب: امتیاز علی تاج۔

سوال: امتیاز علی تاج کے تین ڈراموں کے نام لکھیں۔

جواب: (i) انارکلی (ii) بیگم کی بلی
(iii) چچا چھکن

سوال: سید امتیاز علی تاج کے رسالے کا نام بتائیں۔

جواب: پھول۔

سوال: "انارکلی" کس سن میں تحریر کیا گیا؟

جواب: 1922ء۔

سوال: امتیاز علی تاج نے اردو ادب میں کس مزاحیہ کردار کا اضافہ کیا؟

جواب: چچا چھکن۔

سوال: اشفاق احمد کی چند تصانیف کے نام لکھیں۔

جواب: (i) اجلے پھول (ii) مہمان
(iii) چنگیز خان کے سنہرے شاہین

سوال: اشفاق احمد کے چار ڈراموں کے نام لکھیں۔

جواب: (i) معدن محبت (ii) قرۃ العین
(iii) اشتباہ نظر (iv) داوا اور دلدادہ

سوال: اشفاق احمد کے ڈراموں کا مجموعہ "ایک محبت سو افسانے" کب اور کہاں شائع ہوا؟

جواب: "ایک محبت سو افسانے" اشفاق احمد، سنگ میل پبلی کیشنز 1988ء۔

سوال: "گڈریا" کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

جواب: اشفاق احمد۔

سوال: "گڈریا" کا موضوع کیا ہے؟

جواب: 1947ء کے فسادات۔

سوال: "گرم گرم سفرنامہ اور محفل میں بسم اللہ" کس کی تصنیفات ہیں؟

جواب: اشفاق احمد۔

سوال: "ننگے پاؤں" کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

جواب: اشفاق احمد۔

سوال: "پھلکاری" کس نامور ادیب کا افسانوی مجموعہ ہے؟

جواب: اشفاق احمد۔

سوال: معین الدین کب پیدا ہوئے؟

جواب: 1921ء۔

سوال: کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ معین الدین کا انتقال کب ہوا؟

جواب: 1971ء

سوال: "تعلیم بالغاں" کس کا معروف ڈرامہ ہے؟

جواب: معین الدین۔

سوال: معین الدین کے چند مشہور ڈراموں کے نام بتائیں۔

جواب: (i) وادی کشمیر (ii) زوال حیدرآباد
(iii) سرکاری دوکان (iv) مرزا غالب بندر روڈ پر
(v) نیا نشان

سوال: بیمار کس کا تحریر کردہ ڈرامہ ہے؟

جواب: سجاد ظہیر۔

سوال: "دس نمبری" کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

جواب: خدیجہ مستور کا۔

سوال: عزیز احمد کے کسی افسانوی مجموعے کا نام لکھیں۔

جواب: کالی رات۔

سوال: "گھوڑوں کے شہر میں اکیلا آدمی" کس کا معروف افسانوی مجموعہ ہے؟

جواب: مظہر الاسلام۔

سوال: نقاب پوش اور آنکھ مچولی کس افسانہ نگار کی تخلیق ہیں؟

جواب: رضیہ فصیح احمد۔

سوال: "مشتاق قمر" کے افسانوی مجموعہ کا نام بتائیں۔

جواب: معتوب شہر۔

سوال: البم سائے اور ناگفتہ کس کے افسانوی مجموعے ہیں؟

جواب: ڈاکٹر صلاح الدین اکبر۔

آنحضورﷺ کی ولادت کا ذکر ہے۔

سوال: "تحفۂ حسن" اور "تسہیل فی جرح السائل" کا سن اشاعت بتائیں۔

جواب: 1. تحفۂ حسن (1844ء)
2. تسہیل فی جرح السائل (1846ء)

سوال: "فوائد الافکار" کا سن اشاعت بتائیں۔

جواب: 1846ء۔

سوال: "قول متین" کا سن تحریر بتائیں۔

جواب: 1849ء۔

سوال: سرسید احمد خان کی کتاب "کلمۃ الحقائق" کا سن تالیف بتائیں۔

جواب: 1850ء۔

سوال: سرسید احمد خان نے بجنور میں کون سی کتاب لکھی؟

جواب: "تاریخ بجنور"۔

سوال: جنگ آزادی کے بعد سرسید احمد خان نے کون سا مشہور پمفلٹ جاری کیا؟

جواب: رسالہ بغاوت ہند (1863ء)

سوال: انگریزوں کے ساتھ وفاداری کے حوالے سے سرسید احمد خان نے کون سی کتاب لکھی؟

جواب: "وفادار مسلمانان ہند"۔

سوال: سرسید احمد خاں نے سائنٹیفک سوسائٹی کی بنیاد کب رکھی اور اس کا مقصد کیا تھا؟

جواب: 1860ء میں اور اس کا مقصد مشہور انگریزی کتابوں کا ترجمہ کرنا تھا۔

سوال: سائنٹیفک سوسائٹی کے ماہوار رسالے کا نام بتایئے۔

جواب: علی گڑھ انسٹی ٹیوٹ گزٹ۔

سوال: سرسید نے مضمون نگاری کی صنف کہاں سے حاصل کی؟

جواب: انگلستان سے۔

سوال: سرسید احمد خان نے سر ولیم میور کی کتاب "لائف آف محمدﷺ" کے جواب میں کون سی کتاب لکھی؟

جواب: "خطبات احمدیہ"۔

سوال: سرسید کو ولایت سے کون سا خطاب ملا؟

جواب: سی۔ ایس۔ آئی کا۔

سوال: "انتخاب مضامین سرسید" کے مصنف کون ہیں؟

جواب: انور صدیقی۔

سوال: "سرسید کی نثر" کس کی تحریر ہے؟

جواب: بشیر بدر۔

سوال: سرسید احمد خان نے کب وفات پائی؟

جواب: 1898ء میں۔

سوال: مولانا الطاف حسین حالی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: مولانا الطاف حسین حالی 1837 میں پانی پت میں پیدا ہوئے۔

سوال: حالی نے عربی اور فارسی کی تعلیم کس سے حاصل کی؟

جواب: سید جعفر علی شاہ۔

سوال: مولانا حالی کس عظیم شاعر کے شاگرد تھے؟

جواب: مرزا غالب۔

سوال: "حیات جاوید" کا سن تصنیف بتائیں۔

جواب: 1901ء۔

سوال: "حیات جاوید" کتنے حصوں پر مشتمل ہے؟

جواب: دو حصوں پر۔

سوال: "حیات جاوید" کے علاوہ حالی کی دو سوانح عمریوں کے نام لکھیں۔

جواب: 1. حیات سعدی
2. یادگار غالب

سوال: اسلام پر اعتراضات کے جواب میں حالی نے کون سی کتاب لکھی؟

جواب: "تریاق مسموم"۔

سوال: مولانا حالی کی اس کتاب کا نام بتایئے جس سے جدید تنقید کا آغاز ہوتا ہے۔

جواب: "مقدمہ شعر و شاعری"۔

سوال: حالی کو "شمس العلما" کا خطاب کب ملا؟

جواب: 1904ء میں۔

سوال: مولانا حالی کی اہم کتابوں کے نام بتائیں۔

جواب: 1. مقدمہ شعر و شاعری
2. دیوان حالی
3. مسدس حالی
4. حیات سعدی
5. یادگار غالب
6. حیات جاوید
7. تریاق مسموم

سوال: محمد حسین آزاد کی چار تصانیف کے نام لکھیں۔

جواب: 1 نیرنگ خیال
2 آب حیات
3 دربار اکبری
4 سخندان فارس

سوال: محمد حسین آزاد نے کب وفات پائی؟

جواب: 1910ء میں۔

سوال: محمد حسین آزاد کی تصنیف "قصص ہند" میں کس ملک کے حالات درج ہیں؟

جواب: ہندوستان۔

سوال: "خواب امن" کس کی تحریر ہے؟

جواب: محمد حسین آزاد۔

سوال: "معرفت الٰہی" کے مصنف کا نام لکھیں۔

جواب: مولانا محمد حسین آزاد۔

سوال: پطرس بخاری کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: سید احمد شاہ۔

سوال: پطرس بخاری کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: 1898ء پشاور۔

سوال: "اردو کی آخری کتاب" کس کی تحریر ہے؟

جواب: پطرس بخاری۔

سوال: "اردو کی آخری کتاب" کس کتاب کی پیروڈی ہے؟

جواب: "اردو کی پہلی کتاب" کی۔

سوال: "سویرے جو کل آنکھ میری کھلی" میں پطرس نے کہاں کی زندگی کی عکاسی کی ہے؟

جواب: ہاسٹل کی زندگی کی۔

سوال: پطرس بخاری نے کب وفات پائی؟

جواب: 1958ء۔

سوال: "آب گم" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

جواب: مشتاق احمد یوسفی۔

سوال: مشتاق احمد یوسفی کی پہلی کتاب کون سی ہے؟

جواب: "چراغ تلے"۔

سوال: "چراغ تلے" کا سن اشاعت لکھیں۔

جواب: 1961ء۔

سوال: "آب گم" کا موضوع کیا ہے؟

جواب: ماضی پرستی۔

سوال: مشتاق احمد یوسفی کا دوسرا مجموعہ مضمون "خاکم بدہن" کب شائع ہوا؟

جواب: 1969ء۔

سوال: مشتاق احمد یوسفی کی شائع ہونے والی تیسری کتاب کا نام بتایئے۔

جواب: "زرگزشت"۔

سوال: "زرگزشت" کا سن اشاعت بتائیں۔

جواب: 1976ء۔

سوال: مشتاق احمد یوسفی کو ان کے کس مجموعے پر "آدم جی" ادبی انعام ملا؟

جواب: "خاکم بدہن"۔

سوال: "طنزیات و مضحکات" کے مصنف کون ہیں؟

جواب: رشید احمد صدیقی۔

سوال: "گنج ہائے گراں مایہ" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: رشید احمد صدیقی۔

سوال: "ہم نفسانِ رفتہ" کے مصنف کون ہیں؟

جواب: رشید احمد صدیقی۔

سوال: "آشفتہ بیانی میری" آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟

جواب: رشید احمد صدیقی۔

سوال: "ذاکر صاحب" کے مصنف کا نام بتائیں۔

جواب: رشید احمد صدیقی۔

سوال: "مرید پور کا پیر" کس کی تحریر ہے؟

جواب: پطرس بخاری۔

سوال: "سینما کا عشق" کے مصنف کون ہیں؟

جواب: پطرس بخاری۔

سوال: "لاہور کا جغرافیہ" کس کی تحریر ہے؟

جواب: پطرس بخاری۔

سوال: "مرحوم کی یاد میں" کس کا مضمون ہے؟

جواب: پطرس بخاری۔

سوال: سفرنامے کی تعریف کریں۔

جواب: سفرنامہ ایک طرح کی روداد یا رپورتاژ ہے جسے آپ بیتی کی ایک شکل کہا جا سکتا ہے۔ سفرنامے کی عمدگی اور دلچسپی دو باتوں پر منحصر ہوتی ہے، ایک واقعاتِ سفر کی ندرت و جدت اور دوسرے اندازِ بیان میں تازگی اور دلچسپی۔

سوال: اردو ادب کا پہلا سفرنامہ کون سا ہے؟

جواب: "عجائباتِ فرہنگ"۔

سوال: "عجائباتِ فرہنگ" کس کی تحریر ہے؟

جواب: یوسف خان کمبل پوش۔

سوال: "سفرنامہ میراج" اور "سفرنامہ لندن" کس شخصیت کے سفرنامے ہیں؟

جواب: سرسید احمد خان۔

سوال: "سفرِ ایران" کس کا سفرنامہ ہے؟

جواب: مولانا محمد حسین آزاد۔

سوال: "سفرنامہ روم و مصر و شام" کس کی تحریر ہے؟

جواب: مولانا شبلی نعمانی۔

سوال: "سفرنامہ یورپ" کے مصنف کون ہیں؟

جواب: منشی محبوب عالم۔

سوال: "مقامِ خلافت" کس کا تحریر کردہ افسانہ ہے؟

جواب: سر عبدالقادر۔

سوال: "نقشِ فرنگ" کس کی تحریر ہے؟

جواب: قاضی عبدالغفار۔

سوال: "سیرِ افغانستان" کے مصنف کون ہیں؟

جواب: سید سلیمان ندوی۔

سوال: "محمد علی کا سفرِ یورپ" کے مصنف کون ہیں؟

جواب: محمد سرور۔

سوال: "ساحل اور سمندر" سفرنامہ کے مصنف کون ہیں؟

جواب: احتشام حسین۔

سوال: "اشتراکی چین" کس کا تحریر کردہ سفرنامہ ہے؟

جواب: ارشاد احمد حقانی۔

سوال: سفرنامہ "ارض القرآن" کے مصنف کون ہیں؟

جواب: خلیل حامدی۔

سوال: "چار ہفتے یورپ میں" کس کا سفرنامہ ہے؟

جواب: شورش کاشمیری۔

سوال: "سات سمندر پار" اور "دھنک پر قدم" کس کے سفرنامے ہیں؟

جواب: بیگم اختر ریاض الدین۔

سوال: "برات عاشقاں" کس کا سفرنامہ ہے؟

Scanned by CamScanner

جواب: یہ ادبی سفرنامہ "فارغ بخاری" کا ہے۔
سوال: "صبح ہوتے ہی" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
جواب: کرشن چندر۔
سوال: "کاروان حجاز" کس کا تحریر کردہ سفرنامہ ہے؟
جواب: ماہر القادری۔
سوال: "پاکستان سے دیارِ حرم تک" کس کا سفرنامہ ہے؟
جواب: نسیم حجازی۔
سوال: "لبیک" کس معروف ادبی شخصیت کا سفرنامہ ہے؟
جواب: ممتاز مفتی۔
سوال: "سفرِ حجاز" کے مصنف کا نام بتائیں۔
جواب: عبدالکریم۔
سوال: "سفرنامہ اقبال" کو کب اور کس نے مرتب کیا؟
جواب: محمد حمزہ فاروقی نے 1973ء میں۔
سوال: ابن انشا کے مشہور سفرناموں کے نام لکھیں۔
جواب:
1. چلتے ہو تو چین کو چلیے
2. دنیا گول ہے
3. ابن بطوطہ کے تعاقب میں

سوال: "نکلے تری تلاش میں" اور "اندلس میں اجنبی" کس کے سفر نامے ہیں؟
جواب: مستنصر حسین تارڑ۔
سوال: "ٹمبی کے دیس میں" کس کا سفرنامہ ہے؟
جواب: افضال شاہد۔
سوال: "درونِ روس..........ویدوشنید" کس کے تحریر کردہ سفرنامے ہیں؟
جواب: حکیم محمد سعید۔
سوال: "دیس ہوئے پردیس" کس کا سفرنامہ ہے؟
جواب: مستنصر حسین تارڑ۔
سوال: "بمبئی سے بھوپال تک" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
جواب: عصمت چغتائی۔
سوال: "دیکھ لیا امریکہ" کس کا سفرنامہ ہے؟
جواب: علی سفیان آفاقی۔
سوال: سفرنامہ "دل کی پیتا" کس کی تحریر ہے؟
جواب: شاہد احمد دہلوی۔
سوال: "سفر در سفر" کس مشہور ادیب کا سفرنامہ ہے؟

جواب: اشفاق احمد۔
سوال: "امریکہ بھارت" اور "گوروں کے دیس میں" کس کے معروف سفرنامے ہیں؟
جواب: عطاء الحق قاسمی۔
سوال: "کارواں سرائے" کس کا تحریر کردہ سفرنامہ ہے؟
جواب: مستنصر حسین تارڑ۔
سوال: "ستمبر کا چاند" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
جواب: قرۃ العین حیدر۔
سوال: "نانگا پربت" کس کا سفرنامہ ہے؟
جواب: مستنصر حسین تارڑ۔
سوال: سفرنامہ "اے بنی اسرائیل" کس کا سفرنامہ ہے؟
جواب: قدرت اللہ شہاب۔
سوال: "پاک سرائے" کس کا سفرنامہ ہے؟
جواب: مستنصر حسین تارڑ۔
سوال: "سفرِ حرمین" کس کا تحریر کردہ سفرنامہ ہے؟
جواب: بلقیس ریاض۔
سوال: "عجائباتِ فرنگ" پہلی بار کب شائع ہوا؟
جواب: 1846ء۔
سوال: "عجائباتِ فرنگ" دوسری بار کب شائع ہوا؟
جواب: 1969ء۔
سوال: "اردو میں سفرنامہ" کس کی کتاب ہے؟
جواب: ڈاکٹر انور سدید۔
سوال: "دنیا مرے آگے تماشا مرے آگے" کس کا سفرنامہ ہے؟
جواب: جمیل الدین عالی۔
سوال: "پیرس 50 کلومیٹر" سفرنامہ کس کی تحریر ہے؟
جواب: محمد اختر ممونکا۔
سوال: محمود نظامی کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
جواب: 1911ء کو لاہور میں۔
سوال: "ملفوظاتِ اقبال" کس کی تصنیف ہے اور کب شائع ہوئی؟
جواب: محمود نظامی 1938ء۔
سوال: محمود نظامی کب سے کب تک محوِ سیاحت رہے؟
جواب: 22 اکتوبر 1952ء سے 24 اپریل 1953ء تک۔
سوال: "نظرنامہ" کن ممالک کے سفر کے بارے میں ہے؟
جواب: پیرس (فرانس)، لندن (برطانیہ) اور مصر۔

سوال: احسان دانش کب اور کہاں پیدا ہوئے؟
جواب: 1914 کو کاندھلہ یو-پی-
سوال: احسان دانش کی دو تصنیفات کے نام بتائیں۔
جواب: 1. علم المثال
2. حضر و عروض
سوال: ''زخم و مرہم'' کس ادیب کا مجموعہ کلام ہے؟
جواب: احسان دانش۔
سوال: ''جہان دانش'' کس کی آپ بیتی ہے؟
جواب: احسان دانش
سوال: ''جہان دانش'' کب شائع ہوئی؟
جواب: 1973ء۔
سوال: شاہد احمد دہلوی کب پیدا ہوئے؟
جواب: 22 مئی 1906ء دہلی میں۔
سوال: جنوری 1930ء میں ماہنامہ ''ساقی'' کس نے جاری کیا؟
جواب: شاہد احمد دہلوی۔
سوال: ''بزم خوش نفساں'' کے مصنف کا نام لکھیں۔
جواب: شاہد احمد دہلوی۔
سوال: خاکہ نگاری کی تعریف کریں۔
جواب: وہ تحریک ہے جو کسی شخصیت کا بھرپور تاثر پیش کرے یعنی کسی کی تصویر لفظوں میں ادا کر دینا۔ اسے قلمی تصویر بھی کہہ سکتے ہیں۔
سوال: خاکوں پر مشتمل تین مشہور کتابوں کے نام لکھیں۔
جواب: 1. نذیر احمد کی کہانی
2. نقوش
3. گنج ہائے گراں مایہ
سوال: اردو کے دو معروف خاکہ نگاروں کے نام لکھیں۔
جواب: 1. رشید احمد صدیقی
2. مرزا فرحت اللہ بیگ
سوال: آپ بیتی ''تواریخ عجیب عرف کالا پانی'' کے مصنف کون ہیں؟
جواب: مولانا محمد جعفر تھانیسری۔
سوال: ''پس دیوار زنداں'' کس کی آپ بیتی ہے؟
جواب: شورش کاشمیری۔
سوال: ''داستان غدر'' آپ بیتی کس کی تحریر ہے؟
جواب: ظہیر دہلوی۔
سوال: ''بوئے گل نالہ دل و چراغ محفل'' آپ بیتی کے مصنف کا نام بتائیں۔
جواب: شورش کاشمیری۔
سوال: ''قید فرنگ'' کس کی آپ بیتی ہے؟
جواب: حسرت موہانی۔
سوال: ''شہر نگاراں'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
جواب: سبط حسن۔
سوال: ''میرا افسانہ'' آپ بیتی کس کی تحریر ہے؟
جواب: چوہدری افضل حق۔
سوال: ''ذکر یار چلے'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
جواب: مرزا ظفر الحسن خان۔
سوال: آپ بیتی ''تذکرہ'' کس کی تحریر ہے؟
جواب: ابوالکلام آزاد۔
سوال: ''کاروان حیات'' کس کی تحریر کردہ آپ بیتی ہے؟
جواب: مشتاق احمد خان۔
سوال: ''لاہور کا جو ذکر کیا'' کس کی آپ بیتی ہے؟
جواب: گوپال متل۔
سوال: آپ بیتی ''نامہ اعمال'' کس کی تحریر ہے؟
جواب: رضا علی۔
سوال: ''خون بہا'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
جواب: حکیم احمد شجاع۔
سوال: ''اپنی تلاش میں'' آپ بیتی کس کی تحریر ہے؟
جواب: کلیم الدین احمد۔
سوال: ''یاد ایام'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
جواب: مولانا عبدالرزاق کانپوری۔
سوال: ''تحدیث نعمت'' کس کی تحریر کردہ آپ بیتی ہے؟
جواب: سر ظفر اللہ خان۔
سوال: ''یاد ایام عشرت فانی'' آپ بیتی کے مصنف کون ہیں؟
جواب: مرزا فرحت اللہ بیگ۔
سوال: ''میرے زمانے کی دلی'' آپ بیتی کس کی تحریر ہے؟
جواب: ملا واحدی۔
سوال: ''سرگزشت'' کس کی تحریر کردہ آپ بیتی ہے؟
جواب: عبدالمجید سالک۔

سوال: "شاعری کی کہانی شاعری کی زبانی" کس کی آپ بیتی ہے؟
جواب: شاد عظیم آبادی۔

سوال: "یادوں کی دنیا" کے مصنف کون ہیں؟
جواب: ڈاکٹر یوسف حسین خاں۔

سوال: انشائیہ کی اصطلاح کب عام ہوئی؟
جواب: 1958ء

سوال: انشائیوں کا مجموعہ "جوہر اندیشہ" کس کی تحریر ہے؟
جواب: مشکور حسین یاد۔

سوال: "اردو میں انشائیہ نگاری" کے مصنف کا نام بتائیں۔
جواب: ڈاکٹر بشیر سیفی

سوال: "شاخ زیتون" کس کی کتاب ہے؟
جواب: جمیل آذر۔

سوال: "ہم ہیں مشتاق" کے مصنف کا نام بتائیں۔
جواب: مشتاق قمر۔

سوال: "ممکنات انشائیہ" کے مصنف کون ہیں؟
جواب: مشکور حسین یاد۔

سوال: "انشائیہ کی بنیاد" کے مصنف کا نام کیا ہے؟
جواب: ڈاکٹر سلیم اختر۔

سوال: "رت کے مہمان" کے مصنف کا نام بتائیں۔
جواب: جمیل آذر۔

سوال: "انشائیہ کے خدوخال" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: بشیر سیفی۔

سوال: ''یوسفیات'' کس کی تصنیف ہے؟

جواب: طارق حبیب۔

سوال: ''بیگمات کے آنسو'' کس کے مضامین کا مجموعہ ہے؟

جواب: خواجہ حسن نظامی۔

سوال: ''بے ربط باتیں مربوط یادیں'' کس کے مضامین کا مجموعہ ہے؟

جواب: پروفیسر علاؤالدین اختر۔

سوال: ''لوحِ ایام'' کے مصنف کون ہیں؟

جواب: مختار مسعود۔

سوال: ''آوازِ دوست'' کس کی تصنیف ہے؟

جواب: مختار مسعود۔

سوال: ''تذکرہ'' اور ''الہلال'' کے خالق کون ہیں؟

جواب: مولانا ابوالکلام آزاد۔

سوال: ''معرفت الٰہی'' کے مصنف کون ہیں؟

جواب: مولانا آزاد۔

سوال: ''خوابِ امن'' کے مصنف کا نام بتائیں۔

جواب: مولانا محمد حسین آزاد۔

سوال: ''المامون'' کے مصنف کون ہیں؟

جواب: شبلی نعمانی۔

سوال: سرسید احمد خان کی آخری کتاب کون سی ہے؟

جواب: تفسیر القرآن۔

سوال: اردو مضمون نگاری کا بانی کس شخصیت کو کہا جاتا ہے؟

جواب: سرسید احمد خان۔

سوال: ''راہِ سنت و رد بدعت'' کس کی تصنیف ہے؟

جواب: سرسید احمد خان۔

سوال: ''رسالہ طعام اہل کتاب'' کس کی کتاب ہے؟

جواب: سرسید احمد خان۔

سوال: ''دوزخی'' کے مصنف کا نام بتائیں۔

جواب: عصمت چغتائی۔

سوال: دیباچہ کی تعریف کریں۔

جواب: کتاب کی تمہید اور ابتدائی تعارف کو عرفِ عام میں ''دیباچہ'' کہتے ہیں۔

سوال: ''شہاب نامہ'' کس کی تحریر ہے؟

جواب: قدرت اللہ شہاب۔

سوال: ''شہاب نامہ'' کا موضوع بتائیں۔

جواب: مسئلہ کشمیر۔

سوال: قدرت اللہ شہاب کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: 1920ء میں گلگت (کشمیر) پاکستان۔

سوال: ''اردو ادب میں سوانح نگاری'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

جواب: الطاف فاطمہ۔

سوال: ''شہاب نگر'' کو کس نے مرتب کیا؟

جواب: شیما مجید۔

سوال: ''علم الکتاب'' کے مصنف کا نام بتائیں۔

جواب: میر درد۔

سوال: ''نیا افسانہ''، ''فنِ افسانہ نگاری''، ''داستان سے افسانے تک'' کس کی تصانیف ہیں؟

جواب: پروفیسر ممتاز حسین۔

سوال: ''اردو کی ابتدائی نشوونما میں صوفیائے کرام کا حصہ'' کس کی تصنیف ہے؟

جواب: مولوی عبدالحق۔

سوال: ''تارِ عنکبوت'' کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

جواب: الطاف فاطمہ۔

سوال: ''افسانہ حقیقت سے علامت تک'' کے مصنف کون ہیں؟

جواب: سلیم اختر۔

سوال: ''آئیں بائیں شائیں'' ایک مزاحیہ تصنیف ہے مصنف کا نام بتائیں۔

جواب: منظور کامران۔

سوال: ''براہِ راست'' کس مشہور ادیبہ کا سفرنامہ ہے؟

جواب: بشریٰ رحمٰن۔

سوال: ''سوزِ وطن''، ''پریم پچیسی''، ''دیہات کا افسانہ''، ''دودھ کی قیمت'' کس مشہور افسانہ نگار کے افسانے ہیں؟

جواب: منشی پریم چند۔

سوال: ... حسن منٹو کا سب سے پہلا افسانوی مجموعہ کون سا ہے؟

"آتش پارے۔"

سوال: "ترکی حور"، "صید ہوس"، "شہید ناز" اور "اسیر حرص" کس معروف ڈرامہ نگار کے ڈرامے ہیں؟

جواب: آغا حشر۔

سوال: اردو ادب میں پہلا ڈرامہ نگار کون کہلاتا ہے؟

جواب: واجد علی شاہ۔

☆☆☆☆☆

پرچہ 4: تاریخ زبان و ادب اُردو

سوال: ادبی زبان سے کیا مراد ہے؟

جواب: ایسی زبان جس میں گرامر کے اصولوں کو مدنظر رکھا جائے ادبی زبان کہلاتی ہے۔

سوال: زبان سے متعلق جملہ امور کا مطالعہ کس کے تحت کیا جاتا ہے؟

جواب: زبان سے متعلق جملہ امور کا مطالعہ قواعد کے تحت کیا جاتا ہے۔ قواعد کی دو بڑی شاخیں ہیں: صرف و نحو۔

سوال: دنیا میں زبانوں کے کتنے بڑے خاندان ہیں؟

جواب: دنیا میں زبانوں کے آٹھ بڑے خاندان ہیں۔

سوال: اردو کا تعلق زبانوں کے کس خاندان سے ہے؟

جواب: اردو کا تعلق زبانوں کے ہند یورپی گروہ سے ہے۔

سوال: کس محقق نے پنجاب کو اردو کا پہلا مولد و مسکن قرار دیا؟

جواب: حافظ محمود شیرانی۔

سوال: حافظ محمود شیرانی کے مطابق اردو کا سب سے قدیم نام کیا ہے؟

جواب: ہندی یا ہندوی۔

سوال: حافظ محمود شیرانی کی کتاب "پنجاب میں اردو" کب شائع ہوئی؟

جواب: 1928ء۔

سوال: "دکن میں اردو" کے مصنف کا نام لکھیں۔

جواب: نصیر الدین ہاشمی۔

سوال: "داستان زبان اردو" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: ڈاکٹر شوکت سبزواری۔

سوال: "تاریخ زبان اردو" کے مصنف کون ہیں؟

جواب: ڈاکٹر مسعود حسین خان۔

سوال: "اردو زبان کی قدیم تاریخ" کس نقاد کی تحریر ہے؟

جواب: عین الحق فرید کوٹی۔

سوال: "اردو کا روپ" کے مصنف کا نام بتائیں۔

جواب: ڈاکٹر سہیل بخاری۔

سوال: "نقوش سلیمانی" کس کی کتاب کا نام ہے؟

جواب: سید سلیمان ندوی۔

سوال: خط نستعلیق پر نوٹ لکھیے۔

جواب: خط نستعلیق تیرھویں صدی میں ایرانیوں نے ایجاد کیا۔ "نسخ" اور "تعلیق" دو خطوں کو ملا کر یہ خط ایجاد کیا گیا جو اپنی خوبصورتی اور نوک پلک کی وجہ سے چھ سو سال سے اہل نظر کے لیے نور چشم بنا ہوا ہے۔

سوال: "ہندوستانی لسانیات" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: ڈاکٹر محی الدین قادری زور۔

سوال: "تاریخ ادب اردو" کس کی تحریر ہے؟

جواب: ڈاکٹر جمیل جالبی۔

سوال: "اردو ادب کی تحریکیں" کے مصنف کون ہیں؟

جواب: ڈاکٹر انور سدید۔

سوال: "اردو کی ابتدائی نشوونما میں مسلمانوں کا حصہ" کے مصنف کے نام لکھیں۔

جواب: ڈاکٹر مولوی عبدالحق۔

سوال: "اردو میں ایہام گوئی کی تحریک" کس کی لکھی ہوئی کتاب ہے؟

جواب: ڈاکٹر ملک حسن اختر۔

سوال: "اردو شاعری کا سیاسی و سماجی پس منظر" کے مصنف کون ہیں؟

جواب: ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار۔

سوال: "ترقی پسند ادب" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: عزیز احمد۔

سوال: "پنجاب کا دبستان شاعری" کے مصنف کون ہیں؟

جواب: ڈاکٹر علی محمد۔

سوال: "ولی کا دبستان شاعری" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: ڈاکٹر نور الحسن ہاشمی۔

سوال: "لکھنؤ کا دبستان شاعری" کس کی تخلیق ہے؟

جواب: ڈاکٹر ابواللیث صدیقی۔

سوال: "پنجاب میں اردو" کے مصنف کا نام بتائیں۔

جواب: محمد اکرام چغتائی۔

سوال: ابراہیم عادل شاہ ثانی کی کتاب "نورس" کا موضوع کیا ہے؟

جواب: مشکور حسین یاد۔

سوال: "مزاج شریف" کے خالق کون ہیں؟

جواب: رشید قریشی۔

سوال: مولانا محمد حسین کی دو کتابوں کے نام لکھیں۔

جواب: "آب حیات، نیرنگ خیال۔"

سوال: ڈاکٹر سلیم اختر کی دو تنقیدی کتب کے نام لکھیں۔

جواب: تنقیدی دبستان، ادب و لاشعور۔

سوال: مولانا الطاف حسین حالی کی دو کتابوں کے نام لکھیں۔

جواب: یادگار غالب، حیات جاوید۔

سوال: فیض احمد فیض کی کتاب "میزان" کا موضوع کیا ہے؟

جواب: تنقید۔

سوال: معروف نقاد حسن عسکری کی دو کتابوں کے نام لکھیں۔

جواب: (i) فسادات اور ہمارا ادب (ii) اردو ادب کی موت

سوال: دکنی نثر کی نمائندہ کتاب کس کو تصور کیا جاتا ہے؟

جواب: ملا وجہی کی تصنیف "سب رس۔"

سوال: ملا وجہی کی "سب رس" سے پہلے اسی عنوان سے ایک رسالہ لکھا گیا۔ بتایئے اس کا مصنف کون تھا؟

جواب: شاہ میراں جی۔

سوال: "معراج العاشقین" اردو کی سب سے قدیم کتاب ہے۔ اس کے مصنف کا نام بتائیں۔

جواب: خواجہ بندہ نواز محمد گیسو دراز۔

سوال: وجہی کی نثری تصنیف "سب رس" کو کس شاعر نے "وصال العاشقین" کے نام سے منظوم کیا؟

جواب: حسین ذوقی۔

سوال: سلطان محمد قطب شاہ نے کتنے دیوان چھوڑے؟

جواب: دو۔

سوال: "پھولبن" کس دکنی شاعر کی معروف مثنوی ہے؟

جواب: ابن نشاطی۔

سوال: ابن نشاطی کس دکنی بادشاہ کے درباری شاعر تھے؟

جواب: سلطان عبداللہ قطب شاہ۔

سوال: مثنوی "سیف الملوک و بدیع الجمال" کس شاعر کی تخلیق ہے؟

جواب: غواصی۔

سوال: دکنی عہد کی نظم "معراج نامہ" کے شاعر کا نام بتائیں۔

جواب: سید بلاقی۔

سوال: "بہرام وگل اندام" کس مشہور شاعر کی مثنوی ہے؟

جواب: طبعی۔

سوال: "گنج مخفی" نامی رسالہ کس کا تحریر کردہ ہے؟

جواب: شاہ امین الدین اعلیٰ۔

سوال: مثنوی "معجزہ فاطمہ" کس کی تحریر ہے؟

جواب: محب۔

سوال: "مولود نامہ" کس کی تخلیق ہے؟

جواب: مختار۔

سوال: غواصی کے قصہ "طوطی نامہ" سے فورٹ ولیم کالج کے مدرس مولوی حیدر بخش نے اپنا مشہور "طوطی نامہ" کب لکھا؟

جواب: 1801ء۔

سوال: نقد کی کتاب "ہدایات الہندی" کے مصنف کا نام بتائیں۔

جواب: ضیغمی۔

سوال: مثنوی "جنگ نامہ محمد حنیف" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: سیوک۔

سوال: "جنگ نامہ محمد حنیف" نامی مثنوی کتنے اشعار پر مشتمل ہے؟

جواب: اڑھائی ہزار۔

سوال: فائز نے مثنوی "رضوان شاہ و روح افزا" کب تحریر کی؟

جواب: 1682ء میں۔

سوال: غواصی کا قصہ "سیف الملوک" کا سن تصنیف بتائیں۔

جواب: 1035ء۔

سوال: "مرزا غالب رائل پارک میں" کے مصنف کون ہیں؟

جواب: اے حمید۔

سوال: "شگوفہ زار لالہ زار" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: خواجہ عبدالغفور۔

سوال: "فتح المجاہدین" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: زین العابدین۔

سوال: "فتح المجاہدین" کب مرتب کی گئی؟

جواب: 1196ھ۔

سوال: "مفرح القلوب" کا سن تحریر لکھیں۔

جواب: 1199ء۔

سوال: مثنوی "یوسف زلیخا" کس کی تحریر ہے؟

جواب: مختار بیجاپوری۔

سوال: میر حسن نے کتنی مثنویاں تحریر کیں؟

جواب: گیارہ۔

سوال: مثنوی "سحر البیان" کا خالق کون ہے؟

جواب: میر حسن۔

سوال: عربی زبان زبانوں کے کس گروہ سے تعلق رکھتی ہے؟

جواب: سامی خاندان۔

سوال: اردو کا لفظ سب سے پہلے کس کتاب میں ملتا ہے؟

جواب: تزک بابری۔

سوال: مثنوی "ابراہیم نامہ" کس کی تصنیف ہے؟

جواب: عبدالقادر۔

سوال: اردو کا سب سے پہلا اخبار کون سا تھا؟

جواب: اردو کا سب سے پہلا اخبار "جام جہاں نما" تھا۔

سوال: "قطب مشتری" کس کی تحریر ہے؟

جواب: ملاوجہی۔

سوال: مثنوی "زہر عشق" کے مصنف کا نام بتائیں۔

جواب: نواب مرزا شوق۔

سوال: پروفیسر خلیل صدیقی کی لسانیات کے موضوع پر دو کتب کے نام لکھیں۔

جواب: (i) زبان کیا ہے (ii) آواز شناسی

سوال: قدیم شعرائے دکن میں سے چار کے نام لکھئے۔

جواب: (i) قلی قطب شاہ (ii) حضرت گیسو دراز (iii) ولی دکنی (iv) ابن نشاطی

سوال: میر تقی میر کی دو مثنویوں کے نام لکھیں۔

جواب: (i) خواب و خیال (ii) دریائے عشق

سوال: میرا جی کا اصل نام کیا تھا اور ان کی شہرت کس وجہ سے تھی؟

جواب: میرا جی کا اصل نام ثناء اللہ ڈار تھا اور ان کی شہرت کی وجہ شاعری اور خصوصاً گیت نگاری تھی۔

سوال: نصرتی نے کب وفات پائی؟

جواب: 1095ء۔

سوال: فارسی کا معروف شاعر ظہوری کب ہندوستان آیا؟

جواب: 1580ء۔

سوال: دکن کی ادبی روایت کا آخری اور جدید ادبی روایت کا معمار کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

جواب: ولی دکنی۔

سوال: اردو شاعری کا باوا آدم کس کو مانا جاتا ہے؟

جواب: ولی دکنی۔

سوال: ولی دکنی کے دو معاصر شعرا کے نام لکھیں۔

جواب: مرزا داؤد اور سید سراج الدین۔

سوال: دبستان دہلی کی نمایاں خصوصیات کون سی ہیں؟

جواب: (i) داخلیت (ii) سوز و گداز اور حزن و یاس

سوال: ایہام گوئی سے کیا مراد ہے؟

جواب: ایہام گوئی سے مراد ہے کہ شاعر پورے شعر یا اس کے ایک جزو سے دو معنی پیدا کرتا ہے یا پھر ایک ذومعنی لفظ کے استعمال سے دو مطالب بہم پہنچاتا ہے۔ یہ دونوں صورتیں صنائع میں داخل ہیں۔ اول الذکر کو ادماج اور آخر الذکر کو ایہام کہتے ہیں۔

سوال: ایہام گوئی کا آغاز کس کے ابتدائی عہد سے ہوا؟

جواب: ایہام گوئی کا آغاز محمد شاہ کے ابتدائی دور سے ہوا۔

سوال: ایہام گوئی کا خاتمہ کس نے کیا؟

جواب: میر، سودا اور قائم اور بعد ازاں میر درد اور میر حسن نے ایہام گوئی کا خاتمہ کر دیا۔

سوال: چند مشہور ایہام گو شعرا کے نام لکھیں۔

جواب: ولی دکنی، آبرو، مضمون، ناجی اور حاتم۔

سوال: اصلاح زبان کی تحریک کا آغاز کن شعرا نے کیا؟

جواب: خان آرزو اور شاہ حاتم نے۔

سوال: کس دور کو اردو غزل کا زریں دور کہا جاتا ہے؟

جواب: میر و سودا کے دور کو۔

سوال: اردو شاعری نے کس عہد میں فارسی شاعری کی جگہ لے لی؟

جواب: میر و سودا کے عہد میں۔

سوال: میر شمالی ہند کے قابل ذکر مثنوی نگار ہیں۔ بتائیے انہوں نے کتنی مثنویاں لکھیں؟

جواب: 37۔

سوال: "نکات الشعرا" کس شاعر کا تذکرہ ہے؟

جواب: میر تقی میر۔

سوال: میر تقی میر کا عہد بتائیے

جواب: 1722ء تا 1810ء۔

سوال: اردو کا سعدی کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

جواب: میر تقی میر۔

سوال: شمالی ہند کے پہلے صاحب دیوان شاعر کا نام بتائیں۔

جواب: شاہ مبارک آبرو۔

سوال: کس شاعر نے باقاعدہ طور پر اردو شاعری کو صوفیانہ خیالات سے آشنا کیا؟

جواب: میر درد۔

سوال: مرزا سودا کے مراثی اور سلاموں کی تعداد بتائیے۔

جواب: 72 مرثیے 12 سلام۔

سوال: میر تقی نے کل کتنی رباعیات کہیں؟

جواب: 51۔

سوال: اردو کے کس شاعر کو "خدائے سخن" کہا جاتا ہے؟

جواب: میر تقی میر۔

سوال: میر تقی میر کی آپ بیتی کا نام بتائیے۔

جواب: ذکر میر۔

سوال: سودا کو کس صنف سخن کی وجہ سے اردو شاعری میں امتیازی مقام حاصل ہے؟

جواب: قصیدہ گوئی۔

سوال: مرزا رفیع سودا کس استاد فن سے اصلاح لیا کرتے تھے؟

جواب: شاہ حاتم۔

سوال: اردو میں سب سے پہلے کس شاعر نے مسدس کی ہیئت میں واسوخت کہا؟

جواب: آبرو۔

سوال: اردو شاعری میں تناسب لفظی اور ایہام گوئی کی روایت کس نے ڈالی؟

جواب: شاہ مبارک آبرو۔

سوال: مرزا رفیع سودا کا عہد بتائیے۔

جواب: 1713ء تا 1781ء۔

سوال: صنف مرثیہ کو صحیح ادبی حیثیت کس شاعر نے دی؟

جواب: مرزا سودا۔

سوال: میر و سودا کے عہد میں اہم ترین شعری اصناف کون سی تھیں؟

جواب: غزل، قصیدہ، ہجو گوئی، صوفی شاعری۔

سوال: شاعری میں لفظ "اردو" سب سے پہلے کس شاعر نے استعمال کیا؟

جواب: امام بخش ناسخ۔

سوال: مثنوی "بہار عشق" کس شاعر کی تصنیف ہے؟

تہہ میں بآسانی ہاتھ نہیں آ سکتا۔ اس کے لیے جاں کوشی کی ضرورت ہے اور پھر ہر شخص تہہ سے آشنا بھی نہیں ہوتا۔ بہت سے اسی آرزو میں ڈوب جاتے ہیں اور گوہر مقصود حاصل نہیں ہوتا۔ شعر ہذا پر جتنا غور کیجئے گا' معانی پھیلتے جائیں گے۔

حسنِ صورت سے خیال آیا ہے معنی کی طرف
جب صدف سے مدعا تھا اب ہے گوہر سے غرض

ذرے پرتو خورشید سے چمک اٹھتے ہیں مگر ذرہ ہائے خاک شہدا کا شرف یہ ہے کہ چہرۂ خورشید کی زینت ہیں جس طرح افشاں جبین معشوق کی زینت ہے۔

روئے خورشید پر افشاں کا جو عالم دکھلائیں
یہ شرف ذرہ خاک شہدا رکھتے ہیں

قیدِ قفس میں یادِ گلشن کا یہ عالم ہے کہ ایک ایک درخت' ایک نہال ہی نظر میں نہیں بلکہ ان کی تعداد بھی یاد ہے۔ اب تو چمن کیسا؟ چمن سے پیام لانے والا بھی بجز صبا کے کوئی نہیں۔ اگر کبھی بھولے سے صبا کا سوئے قفس گزر ہو تو یہ قیدی فرطِ اشتیاق سے پوچھتا ہے کہ اے صبا! بتا کہ کس نہال میں کتنے شگوفے آئے ہیں۔

آتی ہے باغ سے جو صبا پوچھتا ہوں میں
کتنے شگوفے آئے ہیں کس کس نہال میں

یہ اعجازِ سخن نہیں تو کیا ہے۔ الفاظ گو بالکل سادہ ہیں تاہم شعر کس قدر گہرے اور گوناگوں جذبات کا مظہر ہے۔
کمالِ سخن کی آخری حد یہ ہے کہ تخیل و محاکات شیر و شکر ہوں اور یہ امتیاز مشکل ہو جائے کہ شعر میں تخیل کا عنصر غالب ہے یا محاکات کا۔ اشعار ملاحظہ کریں۔

وعدہ خلاف یار سے کہیو پیام بر آنکھوں کو روگ دے گئے ہو انتظار کا
کسی نے مول نہ پوچھا دلِ شکستہ کا کوئی خرید کے ٹوٹا پیالہ کیا کرتا؟

تشبیہ واستعارہ

اکثر مواقع پر تشبیہ و استعارہ سے کلام میں جو وسعت و زور پیدا ہوتا ہے وہ اور کسی طریقہ سے پیدا نہیں ہو سکتا۔ بعض موقعوں پر جب شاعر کوئی غیر معمولی دعویٰ کرتا ہے تو اس کو ممکن الوقوع ثابت کرنے کے لیے اسے تشبیہ کا سہارا لینا پڑتا ہے۔
آتش نے اپنے تجربات و احساسات کے اظہار کیلئے جہاں بھی اس وسیلہ کو بروئے کار لایا وہاں اپنی شخصیت کے وجدان اور جمالیاتی عنصر کی مدد سے ان تشبیہات و استعارات میں جان ڈال دی۔ آتش کے کلام میں بعض الفاظ بالکل ڈھیٹ ہیں اور عام مشاہدات سے تعلق رکھتے ہیں۔ ایسی تشبیہات سے عموماً شعراء کنارہ کشی کرتے ہیں اور شعر کو دلکش و آب دار بنانے کے لیے ماورائی دھندلکوں میں رہنا پسند کرتے ہیں لیکن آتش نے عام طور پر روئے زمین کے جانے پہچانے اور مانوس مناظر کو اپنے جذبات و خیالات سے ہم آہنگ کرنے کی کوشش کی۔ اس ان کے لہجے میں تخیل کی پرواز کی بجائے ایک وقار و تمکنت ہے۔ چند اشعار......

تصور پر نفس ہے پیش چشم اس روئے روشن کا
نگہبان برق کو میں نے کیا ہے اپنے فرض کا

ذیلی شعر میں درویشوں کی جائے اقامت کے کوڑے کی تشبیہ "گلدستہ بزم شہاں" سے دی ہے۔ یوں درویشانہ عظمت کو نمایاں کیا ہے:

گلدستہ بن کے رونق بزم شہاں ہوا
کوڑا جو اس فقیر کے تکیے سے جھڑ گیا

خشت بالیں کی تشبیہ زانوئے حور سے......